17/04/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں۔اعجازہ اختر

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ خواتین کو ہر سطح پر با اختیار بنانے سے ہی سماج کی سرینگر میں خواتین کسانوں کے بین SKICC اصل آزادی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ یہ بات انہوننے الاقوامی سال کی مناسبت سے منعقد ہوئی ایک کانفرنس سے خطاب کے دوران کہی۔

انہوں نے کہا کہ خواتین ہر شعبے میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں اور زراعت کے شعبے کی ترقی میں خواتین کا رول کلیدی اہمیت کا حامل بنتا جا رہا ہے۔

-----LG-----

ریتو سنگھ

دلی پبلک اسکول جموں، ناگ بنی اور کٹرہ کی بانی اور پرو وائس چیئرپرسن
ڈاکٹر ریتو سنگھ کی قیادت میں15 رکنی وفد نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔وفد نے لیفٹیننٹ گورنر کو ”نشہ مکت جموں و کشمیر ابھیان“کی حمایت میں دلی پبلک سکول کمیونٹی کی وسیع سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا۔

لیفٹیننٹ گورنر نے ڈی پی ایس کی قابلِ ستائش کاوشوں کو سراہا اور طلبہ کی آگاہی،
اعتماد اور عزم کی تعریف کرتے ہوئے انہیں مثبت تبدیلی کے سفیر کے طور پر اپنی خدمات
جاری رکھنے کی ترغیب دی۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کہا ہے کہ جموں میں دریائے توی کے کنارے منعقد
ہونے والے بیساکھی میلے کو جموں و کشمیر کے بڑے تہواروں میں شامل کرنے کے لیے فروغ
دیا جائے گا تاکہ ملک بھر اور بیرون ملک سے سیاحوں کو متوجہ کیا جا سکے۔

توی مہوتسو کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ رنگا رنگ
میلہ جموں کے عوام کے اس دیرینہ خواب کی تکمیل ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت جموں کو ایک
اہم ثقافتی اور مذہبی سیاحتی مرکز کے طور پر فروغ دینے کے لیے سنجیدگی سے کام کر رہی
ہے۔

نشہ مہم

نشہ مکت جموں و کشمیر ابھیان کے تحت منشیات سے پاک معاشرہ قائم کرنے کے عزم
کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے جنوبی کشمیر کے شوپیاں ضلعے میں ڈرگ اینڈ فوڈ کنٹرول

ڈیپارٹمنٹ اور ایگزیکٹو مجسٹریٹ کے اشتراک سے اسپتالوں کے نزدیک کیمسٹ ادویات فروشوں کے خلاف ایک جامع معائنہ مہم چلائی۔

اس مہم کے دوران دکانوں میں اسٹاک رجسٹر، خرید و فروخت کے ریکارڈ، لائسنس اور دیگر لازمی دستاویزات کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔

ڈی سی پلوامہ

ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے کہا ہے منشیات سے پاک معاشرے کی تعمیر میں میڈیا ایک اہم رول ادا کرسکتا ہے۔ڈپٹی کمشنر نے ان باتوں کا اظہار پلوامہ ضلعے میں نشہ مکت جموں و کشمیر ابھیان کے تحت جاری سو روزہ خصوصی مہم سے متعلق ایک میڈیا ورکشاپ کی صدارت کے دوران کیا۔

کپواڑہ

ک

پواڑہ ضلع میں منشیات کے خلاف بیداری پیدا کرنے اور ایک صحت مند اور منشیات سے پاک ± معاشرے کے فروغ کے لیے بڑے پیمانے پر پد یاتراؤں کا انعقاد کیا گیا۔ ایک بڑی پد یاترا میں ایم ایل اے
ک

پواڑہ میر محمد فیاض، ڈپٹی کمشنر شری کانت سوسے، ایس ایس پی سید الطاہر گیلانی سمیت ± افسران، سرکاری ملازمین، سول سوسائٹی کے اراکین، نوجوانوں اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

اعجاز بشیر

جمونو کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کے مختلف کالجوں میں تدریسی سال2026-27 کےلئے4سالہ انڈر گریجویٹ اور انٹیگریٹڈPG پروگراموں کےلئے داخلے کا عمل عنقریب شروع ہو گا۔

ڈائریکٹر نیوز اور آکاشوانی نیوز سرینگر کے سر براہ طارق راتھر کے ساتھ بات کر تے ہوئے پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے کہا۔

حج روانگی

جموں وکشمیر سے اس سال حج بیت اللہ پر جانے والے عازمین کی روانگی کا سلسلہ کل یعنی18 اپریل سے شروع ہوگا۔

جمونو کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے کہا ہے کہ کل تین پروازیں روانہ ہو رہی ہیں اور عازمین کی روانگی کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔

بڈگام

جموں و کشمیر کے بھرپور ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لئے ضلع بڈگام کی
انتظامیہ نے گیان بھارتَم اقدام کے تحت قدیم مخطوطات کی شناخت اور ڈیجیٹائزیشن پر ایک آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا۔اس پروگرام کی صدارت جموں کشمیر کے ڈائریکٹر گیان بھارتَم ڈاکٹر جہانگیر اقبال نے کی۔

پروگرام میں متعلقین کو قیمتی مخطوطات کی شناخت، دستاویز بندی اور ڈیجیٹائزیشن کے لیے ضروری طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت25 اعشاریہ2ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ